Vol. VI
No. 5

S.P. VI-5-76 (E)
250

THE SENATE OF PAKISTAN DEBATES

OFFICIAL REPORT

Friday, August 6, 1976

CONTENTS | PAGES

Deferment of Adjournment Motions *Re* : Industries and Food & Agriculture—*Minister's request accepted* 95

PRINTED AT SHAN ELECTRIC PRESS, CHURCH ROAD, OLD ANARKALI, LAHORE
PUBLISHED BY THE MANAGER OF PUBLICATIONS, KARACHI
Price : *Paisa* 50

SENATE DEBATES

SENATE OF PAKISTAN

Friday, August 6, 1976

The Senate of Pakistan met in the Senate Chamber, (State Bank Building), Islamabad, at half past eleven of the clock in the morning, Mr. Presiding Officer (Mr. Ahmad Waheed Akhtar) in the Chair.

(Recitation from the Holy Quran)

DEFERMENT OF ADJOURNMENT MOTIONS *RE* : INDUSTRIES AND FOOD & AGRICULTURE

جناب صدارت کنندہ آفیسر : خواجہ صاحب یہ تمام تحاریک آپ کے نام سے ہی ہیں اور منسٹر فار انڈسٹریز کی طرف سے ریکوئسٹ آئی ہے کہ وہ آج تشریف نہیں لا سکیں گے اور دوسری ریکوئسٹ منسٹر فار فوڈ اینڈ ایگریکلچر کی جانب سے آئی ہے کہ وہ آج تشریف نہیں لا سکیں گے ۔

راؤ عبدالستار (قائد ایوان) **:** میری استدعا ہے کہ آج وزراء صاحبان ماریطانیہ کے صدر کے استقبال کے لیے ایئر پورٹ گئے ہوئے ہیں اور ان کا جہاز لیٹ ہو گیا ہے اور آج جمعہ بھی ہے اور وہ وقت پر نہ پہنچ سکیں گے ۔ اس لیے اگر خواجہ صاحب اجازت دیں تو یہ تمام تحاریک اگلے جمعہ تک ملتوی کر دی جائیں تاکہ اس دن ان کی موجودگی میں بحث ہو سکے ۔

خواجہ محمد صفدر : مجھے اس پر کوئی اعتراض نہیں ہے ۔

جناب صدارت کنندہ آفیسر : یہ تمام تحاریک آپ کی ہیں اور اگر یہ تمام ملتوی ہو جائیں گی تو ایجنڈے پر اور کوئی بات نہیں ہے سوائے اس کے کہ یہ طے کیا جائے کہ اس کے بعد کب اور کس وقت میٹ کرنا ہے ۔

جناب افضل خاں کھوسو : سوموار کو شام چھ بجے ٹھیک ہے ۔

آوازیں : سوموار کو شام کو ٹھیک ہے ۔

جناب صدارت کنندہ آفیسر : جناب سردار اسلم صاحب تشریف لے آئے ہیں جس سے اندازہ ہوتا ہے کہ واپسی کی صورت پیدا ہو گئی ہے ۔

جناب سردار محمد اسلم : کن کی واپسی جناب ؟

جناب صدارت کنندہ آفیسر : دوستوں کی واپسی جو ایئر پورٹ پر تشریف لے گئے تھے ۔

جناب سردار محمد اسلم : ایئر پورٹ پر تو بہت سے دوست تشریف لے گئے تھے -

جناب صدارت کنندہ آفیسر : ابھی ہم نے تاریخ اور وقت کا تعین نہیں کیا - میں مناسب خیال کرتا ہوں کہ ہاؤس کو کچھ دیر کے لیے ایڈجرن کر دیا جائے - ہو سکتا ہے کہ کچھ منسٹر صاحبان آ جائیں -

جناب مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : آج جمعہ ہے -

جناب صدارت کنندہ آفیسر : مجھے احساس ہے - میں یہ چاہ رہا تھا کہ ایک دو موشنز ڈسکس ہو جائیں - سردار اسلم صاحب تشریف لے آئے ہیں اس سے مجھے احساس ہوا کہ باقی بھی آ جائیں گے تو کیا خیال ہے دس منٹ کے لیے ہاؤس ایڈجرن کر دیا جائے -

خواجہ محمد صفدر : مجھے تو کوئی اعتراض نہیں -

راؤ عبدالستار : ویسے بھی آج جمعہ ہے اور منسٹر صاحبان اپنی مصروفیات کی وجہ سے تشریف نہیں لا رہے ہیں -

LEAVE OF ABSENCE

جناب صدارت کنندہ آفیسر : دو درخواستیں تو یہاں پڑی ہیں -

جناب صدارت کنندہ آفیسر : خواجہ صاحب یہ لیو اپلیکیشن مجھے ملی ہے - یہ نعمت اللہ صاحب کی ٹیلیگرام ہے -

"Request leave from second August to fifth August on account of my uncle's wife's death."

تو یہ دو تین چار پانچ کی ہے -

Is the House prepared to grant leave to Senator Niamatullah Khan ?

(*The leave was granted*)

Mr. Presiding Officer : So, the leave is granted.

تو پھر کیا رائے ہے ؟

خواجہ محمد صفدر : قائد ایوان کی رائے یہ ہے کہ التوا کر دیا جائے -

جناب صدارت کنندہ آفیسر : تو سوموار کی شام کو چھ بجے ؟

The House stands adjourned to meet again on Monday at 6.00 p.m. Thank you very much.

The House then adjourned to meet again at six of the clock in the evening on Monday, August 16, 1976.